# حقوق وصولی رکشہ / ٹیکسی اسٹینڈ فیس

ہر خاص و عام کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات کا نیلام عام دی گئی مدت کے لئے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں مورخہ 17 فروری، 2026 کو بوقت 11:00 بجے دن کر رہا ہے۔ بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی 18 اور سہ بارہ مورخہ 19 فروری، 2026 کو ہو گی:۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | کال ڈپازٹ | مدت معاہدہ | وہیکل |
|---|---|---|---|---|
| .1 | ٹیکسی، رکشہ، کمرشل وہیکل وغیرہ انٹری فیس الجہاد گیٹ اور رہائشی گیٹ | Rs.100,000/- | 01 سال<br>01.03.2026 تا 28.02.2027 | رکشہ وہیکل فی پھیرا (Rs.50)<br>سوزوکی، ویگن، ہائی لکس، ہائی ایس، پک اپ (Rs.60)<br>کمرشل وہیکل فی پھیرا (ٹرالی ٹریکٹر، ٹرک، مزدا (Rs.120) |
| .2 | رکشہ سٹینڈ غوثیہ چوک | Rs.100,000/- | 01 سال<br>01.03.2026 تا 28.02.2027 | رکشہ وہیکل فی پھیرا (Rs.50)<br>سوزوکی، ویگن، ہائی لکس، ہائی ایس، پک اپ (Rs.60) |
| .3 | رکشہ سٹینڈ اڈہ گیمبر واڈہ طبروق | Rs.100,000/- | 01 سال<br>01.03.2026 تا 28.02.2027 | رکشہ وہیکل فی پھیرا (Rs.50)<br>سوزوکی، ویگن، ہائی لکس، ہائی ایس، پک اپ (Rs.60) |

ٹھیکہ جات کی شرائط درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1 | ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل الگ الگ ہر ٹھیکہ کے لئے زر بیعانہ مبلغ 100,000 روپے بصورت کال ڈپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ہمراہ کاپی مصدقہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ جمع کروانا ہو گا۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے باقی افراد کو بولی ختم ہونے کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔ |
| 2 | ہر ٹھیکہ کے لئے کامیاب بولی دہندہ کو پالیسی کے تحت الگ الگ ٹھیکہ کی کل بولی کا 1/4 حصہ بطور سیکیورٹی فیس موقع پر ہی جمع کروانا ہو گا موقع پر سیکیورٹی فیس جمع نہ کروانے پر زر بیعانہ مبلغ 100,000 روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گا۔ |
| 3 | جمع شدہ 1/4 حصہ بطور سیکیورٹی کی رقم آخری اقساط میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔ مزید براں جمع شدہ سیکیورٹی میں سے کل بولی کا 2٪ ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد آڈٹ مکمل ہونے کے بعد واپس کی جائے گی۔ اگر ٹھیکہ دار ایگریمنٹ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرتا ہے تو بھی سیکیورٹی بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گی۔ |
| 4 | اگر کسی ٹھیکہ کے سب سے زیادہ بولی دہندہ نے کل بولی کا 1/4 حصہ موقع پر جمع نہ کروایا تو اس کا جمع شدہ زر بیعانہ ضبط کر لیا جائے گا۔ اگر بورڈ / زیر دستخطی فیصلہ کرے تو اس ٹھیکہ کے سیکنڈ ہائیسٹ بڈر کو اس بولی کا 1/4 حصہ جمع کروانے کے لیے کہہ سکتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| 5 | ہر ٹھیکہ کا کامیاب بولی دہندہ دفتر اوکاڑہ کینٹ بورڈ کے ساتھ اپنے ہی خرچہ پر 07 دن کے اندر اشٹام پیپر پر معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا۔ نیز ٹھیکیدار ٹھیکہ کے آغاز سے پہلے سال کی ادائیگی کے ایڈوانس چیک دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس دفتر میں جمع کروانے اور جمع شدہ چالان کی کاپی دفتر ہذا میں ٹھیکہ کے آغاز سے پہلے جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ |
| 6 | کامیاب بولی دہندگان برائے ٹیکسی / رکشہ ٹھیکاجات بقیہ 11 ماہ کی اقساط ہر ماہ ایڈوانس 10 تاریخ تک جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروانے پر مبلغ 1000 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ 15 تاریخ تک ماہانہ قسط جمع نہ کروانے کی صورت میں حقوق وصولی ٹھیکیدار کے نفع ونقصان پر کینسل کر دیئے جائیں گے۔ اور سیکیورٹی ڈپازٹ کینٹ بورڈ کے حق میں ضبط تصور ہونگے۔ |
| 7 | یہ کہ ٹھیکیداران نفع ونقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے اور کسی قسم کی رعائیت کے لیے دفتر سے رجوع نہ کریں گے۔ مزید براں کامیاب بولی دہندہ گان وصولی فیس کے علاوہ مذکورہ جگہ پر کوئی دوسرا کاروبار نہیں کر سکیں گے۔ خلاف ورزی پر ٹھیکہ جات منسوخ کر دیے جائیں گے اور جمع شدہ سیکیورٹی بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گی۔ |
| 8 | ٹھیکیداران کسی ناگہانی / وبائی / قدرتی آفت کی صورت میں کسی رعائیت کے مستحق نہ ہوں گے۔ |
| 9 | زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ کسی بھی ٹھیکہ کی ایک یا تمام بولیوں کو وجہ بتا کر (قبل از منظوری) PPRA قوانین کے تحت مسترد کر دے۔ |
| 10 | کامیاب بولی دہندگان کو حقوق وصولی کا قبضہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔ |
| 11 | بولی دہندہ کا FBR سے فائلر ہونا ضروری ہے |

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ کینٹ